Passed unanimously
2/8/2024. 5:15 PM.

Passed
~~Fresh~~ ~~Notice~~ No. 68

قرار داد نمبر 56

## قرارداد برائے اعتراف خدمات اور شہادت اسماعیل ہنیہ

یہ معزز ایوان اس بات کا اعتراف کرتا ہے کہ فلسطین کی تحریک آزادی کے عظیم رہنما اور حماس کے سربراہ، اسماعیل ہنیہ نے اپنی زندگی فلسطینی عوام کے حقوق اور ان کی آزادی کے لئے وقف کر دی۔ ان کی قیادت میں حماس نے فلسطینی عوام کے حقوق کی جدوجہد میں نمایاں کردار ادا کیا اور ظلم و جبر کے خلاف بھرپور مزاحمت کی۔

یہ ایوان اسماعیل ہنیہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتا ہے اور ان کی بے مثال خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔ ان کی شہادت فلسطینی تحریک آزادی کے لئے ایک عظیم نقصان ہے، اور ان کا نام ہمیشہ تاریخ میں ایک عظیم مجاہد اور فلسطینی قوم کے ہیرو کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔

یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ عالمی برادری فلسطینی عوام کے حقوق کی بحالی اور ان کے خلاف جاری مظالم کے خاتمے کے لئے فوری اقدامات کرے۔ ہم فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس بات کا عہد کرتے ہیں کہ ہم ان کی جدوجہد کی حمایت جاری رکھیں گے۔

اللہ تعالیٰ اسماعیل ہنیہ کی قربانیوں کو قبول فرمائے اور ان کے درجات بلند کرے، آمین۔

**RESOLUTION**

Session No. 5th
Notice No. 68
Received Time: 2:30
Received Date 31-7-2024
From Mr. / Ms. ریحانہ اسماعیل ,MPA
Receiver Sign: [signature]

(1) [signature]

**پیش کردہ: ریحانہ اسماعیل**

**رکن صوبائی اسمبلی**

**خیبر پختونخواہ، اسلامی جمہوریہ پاکستان**

**مؤرخہ: 31 جولائی 2024**

(2) MPA [signature]

(3) [signature] Adnan Wazir M.P.A

(4) [signature] Ijaz Muhammad MPA